## اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مابین اجلاس

---

مورخہ 28 اکتوبر 2015 بوقت 03:00 دوپہر بمقام لرننگ ریسورس سنٹر، اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مابین دینی مدارس کے بینک اکاؤنٹ کھولنے میں درپیش مشکلات اور ان کے تدارک کے سلسلہ میں ایک اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت جناب شوکت زمان صاحب ڈائریکٹر محکمہ بینکنگ پالیسی وریگولیشنز، سٹیٹ بینک آف پاکستان نے کی۔ مذکورہ اجلاس میں اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان کی جانب سے حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب (وفاق المدارس العربیہ پاکستان)، مولانا مفتی منیب الرحمٰن صاحب (تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان)، مولانا محمد سلفی صاحب (وفاق المدارس السلفیہ پاکستان)، مولانا عبدالوحید صاحب (رابطۃ المدارس الاسلامیہ پاکستان)، جناب شبیر حسن لاکھانی صاحب (وفاق المدارس الشیعہ پاکستان) نے شرکت کی جبکہ حکومت کی جانب سے جناب احسان غنی صاحب ڈائریکٹر نیکٹا وزارت داخلہ حکومت پاکستان نے شرکت کی اور ان کے علاوہ پاکستان ٹیکس ایسوسی ایشن آف بینکس کے جناب سعود احمد رضا صاحب اور مختلف بینکوں کے نمائندے بھی شریک ہوئے۔

اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان نے اپنے موقف میں شرکاء مجلس پر واضح کیا کہ ''اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان'' حکومت سے منظور شدہ دینی مدارس کے پانچ وفاقوں کی تنظیم ہے۔ ملک بھر کے پچیس ہزار کے لگ بھگ دینی مدارس ان تنظیمات سے ملحق ہیں۔ مدارس کے لئے اپنے مالیاتی نظم کو شفاف طریقے سے چلانے کے لئے بینک اکاؤنٹ کھولنا لازم ہے۔ لیکن اسٹیٹ بینک کی طرف سے اکاؤنٹ کھولنے کے لئے مقررہ شرائط پوری کرنے کے باوجود بینک مدارس سے مزید کوائف طلب کرتے ہیں اور اکاؤنٹ کھولنے کی بجائے کیس زیر التوار کھے جاتے ہیں۔ جس سے اہل مدارس کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور ذہنی کوفت اٹھانی پڑتی ہے۔ مزید براں، مدارس چونکہ خیراتی ادارے ہوتے ہیں جو سو فیصد رفاہی و تعلیمی خدمات سرانجام دیتے ہیں، اس لئے ان کو کسی بھی قسم کی ٹیکس (ودہولڈنگ ٹیکس وغیرہ) کٹوتی سے چھوٹ حاصل ہونی چاہیے۔

خلاصہ یہ ہے کہ اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان نے حکومت کے سامنے دو مطالبات رکھے۔

1۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کی مقرر کردہ تمام شرائط کو پورا کرنے والے مدارس کے اکاؤنٹس بروقت کھولے جائیں۔

2۔ تمام مدارس و مساجد کو ودہولڈنگ ٹیکس کٹوتی سے مستثنیٰ قرار دیا جائے۔

**فیصلہ جات:**

☆ پہلے مطالبے کو تسلیم کیا گیا اور یہ طے پایا کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان ہر بینک کو یہ ہدایت جاری کرے گا کہ وہ مدارس کے بینک اکاؤنٹ کھولنے میں درپیش مشکلات کا تدارک کرنے کیلئے اپنے متعلقہ بینک میں ایک مسئوول متعین کریں گے، مدارس مشکلات کی صورت میں ان سے رابطہ کریں گے۔ اگر وہاں پر مسئلہ حل نہ ہو تو ایک مسئوول اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں متعین ہوگا جن سے اکاؤنٹ کھولنے میں درپیش مشکلات کی صورت میں رابطہ کیا جاسکے گا۔

☆ اسٹیٹ بینک اور حکومت پاکستان نے تمام مدارس و مساجد کو ودہولڈنگ ٹیکس کٹوتی سے مستثنیٰ قرار دیئے جانے والے مطالبے سے اصولی طور پر اتفاق کیا کہ مساجد و مدارس خیراتی ادارے ہوتے ہیں جو صدقات وزکوۃ سے چلتے ہیں اور صدقات وزکوۃ کی ادائیگی کیلئے بھی شرعی طور پر ان کو ودہولڈنگ ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دیا جانا چاہئے لیکن انہوں نے یہ بھی کہا کہ یہ معاملہ ہمارے دائرہ اختیار سے باہر ہے، کیونکہ یہ ایک پالیسی معاملہ ہے جس پر ایف بی آر اور وفاقی وزیر خزانہ صاحب سے رابطہ کرنا چاہئے، اسٹیٹ بینک کو جو ضابطہ کار ایف بی آر کی جانب سے موصول ہوا ہے اس میں کسی قسم کی تخصیص نہیں ہے۔ محترم احسان غنی صاحب نے وعدہ کیا کہ وہ یہ معاملہ ایف بی آر میں پیش کریں گے۔

---

نوٹ: جن مدارس کو بینک اکاؤنٹ کھولنے کے سلسلہ میں کسی بھی قسم کی شکایات ہوں وہ اپنے متعلقہ مسؤل یا ناظم دفتر وفاق سے فوری رابطہ کریں اور اپنی شکایت کی تفصیل تحریری طور پر دفتر وفاق کے پتے پر بنام ناظم دفتر صاحب ارسال کریں۔

# صدرِ وفاق شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان دامت برکاتہم العالیہ کی مصروفیات واسفار

☆......۱۶رمحرم الحرام ۱۴۳۷ھ مطابق ۳۰راکتوبر ۲۰۱۵ء بروز جمعۃ المبارک: صدر وفاق شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہ العالی، حضرت مولانا عبیداللہ خالد اور مولانا ابراہیم سکرگاہی کی معیت میں صوبائی ناظمین کے اجلاس میں شرکت کے لیے کراچی سے رات 8 بجے دفتر وفاق پہنچے۔

☆......۱۷رمحرم الحرام ۱۴۳۷ھ مطابق ۳۱راکتوبر ۲۰۱۵ء بروز ہفتہ: صوبائی ناظمین کے اجلاس کی صدارت فرمائی۔ بعدازاں اسلام آباد کے لیے ۸ بجے شب بذریعہ جہاز روانہ ہوئے اور وفاق ہاؤس اسلام آباد میں رات کو قیام فرمایا۔

☆......۱۸رمحرم الحرام ۱۴۳۷ھ مطابق ۱رنومبر ۲۰۱۵ء بروز ہفتہ: حضرت مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ صاحب المدنی رحمہ اللہ کی تعزیت کے لیے جامعہ حقانیہ اکوڑہ خٹک تشریف لے گئے۔ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب کی درخواست پر زیر تعمیر مسجد عبدالحق کے سنگ بنیاد کی تنصیب۔ دارالحدیث میں نہایت مختصر خطاب اور دورہ حدیث کے طلبہ کو اجازتِ حدیث عنایت فرمائی۔

☆ جامعہ عثمانیہ گلشن عمر چراٹ روڈ پبی پشاور آمد وطلبہ سے خطاب۔ حضرت مولانا حسین احمد صاحب کی درخواست پر طلبہ دورہ حدیث وتخصص کو اجازتِ حدیث دی۔

☆ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفۂ اجل حضرت مولانا فقیر محمد صاحب رحمہ اللہ کی خانقاہ میں تشریف لے گئے۔ حضرت مولانا فقیر محمد کے پوتوں محمد داؤد فقیر، محمد فقیر اور مولانا سہیل صاحب سے ملاقات کی اور حضرت مولانا فقیر محمد صاحب کے مزار مبارک پر دعا فرمائی، بعدازاں کراچی کے لیے بذریعہ جہاز تشریف لے گئے۔

# ناظمِ اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری مدظلہ کی مصروفیات واسفار

☆......یکم ذی الحجہ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۶؍ستمبر۲۰۱۵ء بروز بدھ: ملتان میں کور کمانڈر جنرل اشفاق ندیم صاحب سے ملاقات، وفاق المدارس العربیہ پاکستان ودینی مدارس کی خدمات کے بارے میں سیر حاصل گفتگو۔

☆......۶ ذی الحجہ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۱؍ستمبر۲۰۱۵ء بروز سوموار: اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان کے وفد کے ہمراہ ایڈیشنل آئی جی انسداد دہشت گردی پولیس پنجاب سے ملاقات، پنجاب میں علمائے کرام، اہل مدارس کو ہراساں کرنے کی مذمت۔ شکایات کے ازالہ، بے بنیاد مقدمات کی واپسی اور فورتھ شیڈول سے علمائے کرام کے نام نکالنے کا مطالبہ کیا اور متاثرہ علمائے کرام کی فہرست دی۔

☆ مرکزی دفتر ملتان میں ضمنی امتحان ۱۴۳۶ھ کی جوابی کاپیوں کی مارکنگ (جانچ پڑتال اور نمبر لگانے) کے عمل کا معائنہ اور مارکنگ سے متعلق ممتحنین کو اہم ہدایات۔

☆......۱۳ ذی الحجہ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۸؍ستمبر۲۰۱۵ء بروز سوموار: اتحاد تنظیمات کے جنرل سیکرٹری مفتی منیب الرحمٰن کے ہمراہ وزارت داخلہ کے افسر ڈائریکٹر نیکٹا محترم احسان غنی سے ملاقات۔ تفصیلی مشاورت کے بعد دینی مدارس کے کوائف اور رجسٹریشن کے لیے فارم تجویز۔

☆......۱۴ ذی الحجہ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۹؍ستمبر۲۰۱۵ء بروز منگل: سعودی عرب کے قومی دن کے موقع پر اسلام آباد میں منعقدہ تقریب میں شرکت۔

☆......۱۵ ذی الحجہ۱۴۳۶ھ مطابق ۳۰؍ستمبر۲۰۱۵ء بروز بدھ: چترال آمد اور استقبالیہ تقریب سے خطاب۔

☆......۱۶ ذی الحجہ۱۴۳۶ھ مطابق یکم اکتوبر۲۰۱۵ء بروز جمعرات: کالاش میں سیلاب متاثرہ علاقوں اور مدارس کا دورہ۔

☆......۱۷ ذی الحجہ۱۴۳۶ھ مطابق ۲؍اکتوبر۲۰۱۵ء بروز جمعہ: ضلع چترال کے اربابِ مدارس کے اجلاس کی صدارت۔ مدارس کے تحفظ کے لیے وفاق المدارس کی کوششوں اور اقدامات اور حکومت کے ساتھ مذاکرات سے آگاہی، چترال کی شاہی جامع مسجد میں نماز جمعہ سے قبل عوام کے جم غفیر سے خطاب۔

☆......۱۸ ذی الحجہ۱۴۳۶ھ مطابق ۳؍اکتوبر۲۰۱۵ء بروز ہفتہ: وفاق ہاؤس اسلام آباد میں منعقدہ راولپنڈی واسلام آباد کے علمائے کرام کے اجلاس کی صدارت۔ چرم ہائے قربانی کے بارے میں تفصیلی مشاورت اور آئندہ

کے لائحۂ عمل پر غور۔

☆......۲۰ ذی الحجہ ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۵/ اکتوبر ۲۰۱۵ء بروز سوموار: کراچی میں علمائے کرام کے ہمراہ ڈی جی رینجرز سندھ سے ملاقات اور باہمی دلچسپی کے موضوعات پر گفتگو۔

☆......۲۲ ذی الحجہ ۱۴۳۶ھ مطابق ۷/ اکتوبر ۲۰۱۵ء بروز بدھ: سرکٹ ہاؤس ملتان میں صوبائی وزیر قانون پنجاب رانا ثناء اللہ کی زیر صدارت منعقدہ ڈویژنل امن کمیٹی کے اجلاس میں شرکت۔ چرم قربانی سے متعلق شکایات کے ازالے پر زور۔

☆......۲۳ ذی الحجہ ۱۴۳۶ھ مطابق ۸/ اکتوبر ۲۰۱۵ء بروز جمعرات: شاہراہ قائداعظم لاہور میں صوبائی وزیرِ اوقاف پنجاب کی زیرِ صدارت منعقدہ صوبائی امن کمیٹی کے اجلاس میں شرکت۔ فرقہ واریت کے خاتمہ اور مُلک میں قیامِ امن کے لیے تجاویز۔

☆......۲۶ ذی الحجہ ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۱/ اکتوبر ۲۰۱۵ء بروز اتوار: جامعۃ الخیر جوہر ٹاؤن، لاہور میں ہندوستان و بنگلہ دیش کے علماء کرام کے وفد سے ملاقات، پاکستان، بنگلہ دیش اور بھارت کے علماء کرام اور اہلِ مدارس کے باہمی ربط و تعاون پر زور۔ وفد کی طرف سے وفاق کی طرز کے تعلیمی بورڈ بنانے کی خواہش کا اظہار۔

☆ لاہور میں گورنر پنجاب ملک محمد رفیق رجوانہ صاحب سے ملاقات، اور جنوبی پنجاب کے اہم عوامی مسائل اور ترقیاتی کاموں پر تبادلہ خیال۔ سرکاری جامعات اور دینی مدارس کے درمیان تعلیمی رابطوں پر زور۔ قومی و ملی باہمی پروگرام منعقد کرنے کی تجویز۔

☆......۲۸ ذی الحجہ ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۳/ اکتوبر ۲۰۱۵ء بروز منگل: جامعۃ الخیر، لاہور میں اتحاد تنظیمات مدارس کے اجلاس میں شرکت۔ مجوزہ قومی بیانیے کے بارے میں مشاورت۔

☆......۲۹ ذی الحجہ ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۴/ اکتوبر ۲۰۱۵ء بروز بدھ: کراچی میں حضرت مولانا مفتی منیب الرحمٰن صاحب کی رہائش گاہ پر منعقدہ اتحاد تنظیمات مدارس کے اجلاس میں شرکت۔ مجوزہ ''قومی بیانیہ'' کے مسودے کو حتمی شکل اور وزارت داخلہ کی طرف سے دینی مدارس کے لیے رجسٹریشن فارم اور کوائف نامہ کے بارے میں تفصیلی مشاورت۔

☆......یکم محرم الحرام ۱۴۳۷ھ مطابق ۱۵/ اکتوبر ۲۰۱۵ء بروز جمعرات: اسلام آباد میں آئی، سی، آر، ڈی کی جانب سے منعقدہ سیمینار میں شرکت۔ ''دینی مدارس و جامعات میں قوانین جنگ کی تعلیم'' کے موضوع پر تفصیلی خطاب۔ شرکاء کے سوالات کے جوابات۔

☆......۶ محرم الحرام ۱۴۳۷ھ مطابق ۲۰/ اکتوبر ۲۰۱۵ء بروز اتوار: ''ڈبلیو ایچ او'' عالمی ادارۂ صحت کے

زیراہتمام بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد میں منعقدہ اجلاس میں شرکت ۔ پولیو ویکسین اور دیگر امراض کے حفاظتی ٹیکوں اور حفاظتی تدابیر سے متعلق مشاورت ورہنمائی ۔

☆......۱۲رمحرم الحرام ۱۴۳۷ھ مطابق ۲۶راکتوبر ۲۰۱۵ء بروزسوموار: محترم ڈاکٹر عاکف سعید کی دعوت پر تنظیم اسلامی پاکستان کے دفتر لاہور میں منعقدہ اجلاس میں شرکت ۔ پاکستان سے سودی نظام کے خاتمہ اور وفاقی شرعی عدالت میں زیرِسماعت سودی نظامِ معیشت سے متعلق مقدمہ کی پیروی کے بارے میں مشاورت ۔

☆......۱۴رمحرم الحرام ۱۴۳۷ھ مطابق ۲۸راکتوبر ۲۰۱۵ء بروز بدھ: کراچی میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان واتحاد تنظیمات مدارس کے اجلاس میں شرکت ۔ دینی مدارس کے بینک اکاؤنٹ کھولنے اور دینی مدارس کو فلاحی اداروں کی حیثیت دیتے ہوئے وِدہولڈنگ ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دینے کے متعلق اتحاد تنظیمات مدارس کا موقف کی وضاحت ۔

☆......۱۶رمحرم الحرام ۱۴۳۷ھ مطابق ۳۰راکتوبر ۲۰۱۵ء بروز جمعۃ المبارک: عالمی مجلس تحفظ ختمِ نبوت کی ختم نبوت کانفرنس چناب نگر میں شرکت ۔ ختمِ نبوت کے مضامین عصری نصابِ تعلیم میں شامل کرنے پر زور ۔ عالمی مجلس تحفظ ختمِ نبوت کے مرکز چناب نگر میں نمازِ جمعہ کی امامت ۔

☆ چنیوٹ میں قائدِ جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب مدظلہ سے ملاقات ۔ باہمی دلچسپی کے اموراور موجودہ مُلکی صورتِ حال پر تبادلۂ خیال ۔

☆ ضلع چنیوٹ کے مدارس ( جامعہ امدادیہ چنیوٹ، جامعہ نورالانوار چنیوٹ، جامعہ انوارالقرآن چنیوٹ، مدرسہ فتح العلوم چنیوٹ ) کا معائنہ کیا۔ چنیوٹ کے علماء کرام سے ملاقات ۔

☆ چنیوٹ سے واپسی کے دوران بذریعہ فون حضرت مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کی اطلاع ملنے پر جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے مہتمم حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے اظہارِ تعزیت ۔